علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: بنیادی اُردو (9001) — سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر: 1

(یونٹ 1 تا 5)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

1. اردو زبان کے آغاز کے مختلف نظریات بیان کریں اور قومی و عالمی سطح پر اس کا مقام بتائیں۔ (20)
2. علمِ صرف و نحو کیا ہے، اس کی اقسام کیا ہیں اور زبان کے قواعد میں اس کی اہمیت کیا ہے؟ (20)
3. کسی دو ادبی اصناف کا تعارف کرائیں: (20)

   داستان، نظم، غزل، ناول، طنز و مزاح

4. درج ذیل میں سے کسی ایک فن پارے کا خلاصہ تحریر کریں اور تجزیاتی نوٹ لکھیں: (20)

   ا۔ فردوسِ بریں ۲۔ انار کلی

5. احمد ندیم قاسمی کے افسانے پرمیشر سنگھ پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔اس افسانے کے محاسن بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر:2

(یونٹ 6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

1. شاہد احمد دہلوی کی خاکہ نگاری میں ادبی حیثیت بیان کریں اور ''ڈپٹی نذیر احمد'' خاکے کا خلاصہ کریں۔ (20)

2. طنز و مزاح میں ابنِ انشا کی اہمیت اور ''اردو کی آخری کتاب'' کی ادبی قدر بتائیں۔ (20)

3. فیض کی غزل کے محاسن بیان کریں اور مندرجہ ذیل اشعار میں سے دو کی تشریح کریں: (20)

کبھی تو صبح ترے کنجِ لب سے ہو آغاز کبھی تو شب سر کاکل سے مشکبار چلے
بڑا ہے درد کا رشتہ، یہ دل غریب سہی تمہارے نام پہ آئیں گے، غم گسار چلے
جو ہم پہ گزری سو گزری، مگر شب ہجراں، ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

4. درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں: (20)

ساقی نامہ (اقبال)، مسدسِ حالی (حالی)، روٹیاں (نظیر)

5. احمد فراز، ن م راشد اور مجید امجد میں سے کسی ایک شاعر کی نظم نگاری کے محاسن بیان کریں۔ (20)